12 اپریل 2021ء

مارچ 2021ء میں کارکنوں کی ترسیلاتِ زر کی پریس ریلیز

- مارچ میں مسلسل دسویں مہینے کارکنوں کی ترسیلاتِ زر 2 ارب ڈالر سے زیادہ رہیں جو ایک ریکارڈ ہے۔
- مارچ 2021ء میں ترسیلاتِ زر بڑھ کر 2.7 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں جو گذشتہ مہینے سے 20 فیصد زیادہ اور مارچ 2020ء سے 43 فیصد زیادہ ہے۔
- جولائی تا مارچ مالی سال 21ء کے دوران مجموعی طور پر ترسیلاتِ زر بڑھ کر 21.5 ارب ڈالر ہو گئی ہیں جو مالی سال 20ء کی اسی مدت سے 26 فیصد زیادہ ہے۔
- جولائی تا مارچ مالی سال 21ء کے دوران ترسیلاتِ زر زیادہ تر سعودی عرب (5.7 ارب ڈالر)، متحدہ عرب امارات (4.5 ارب ڈالر)، برطانیہ (2.9 ارب ڈالر) اور امریکہ (1.9 ارب ڈالر) سے آئیں۔
- کارکنوں کی ترسیلاتِ زر میں اس متواتر اضافے میں جو عوامل مددگار رہے ہیں ان میں باضابطہ ذرائع سے رقوم کی آمد کی حوصلہ افزائی کی خاطر حکومت اور اسٹیٹ بینک کے فعال پالیسی اقدامات، کورونا کی وبا کے باعث سرحد پار سفر کا محدود ہونا، وبا کے دوران طبی اخراجات اور بہبودی رقوم کی پاکستان کو منتقلی اور بازارِ مبادلہ میں استحکام کی صورتِ حال شامل ہیں۔

یہ اعداد و شمار اس لنک پر ملاحظہ کیجیے:

https://www.sbp.org.pk/ecodata/Homeremit.pdf

***